37921 - پیٹ درد کی تکلیف سے دوچار ہے

سوال

معدہ کی تکلیف مجھے روزہ نہیں رکھنے دیتی، میں نے رمضان کے ہر دن کے بدلے ایک مسلمان کو کھانا کھلانے کے لیے رقم ادا کر دی ہے، تو کیا اس کے علاوہ بھی کوئی کام کرنا ممکن ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر آپ کے لیے روزہ میں مانع مرض سے شفایابی کی امید نہیں تو پھر جو کچھ آپ نے کیا ہے وہ صحیح ہے، کیونکہ جس مریض کو شفایابی کی امید نہ ہو وہ ہر روز کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا، اور اس کے علاوہ اس پر کچھ لازم نہیں ہے.

لیکن اگر بیماری سے شفایابی کی امید ہو تو جب آپ شفایاب ہو جائیں تو روزہ چھوڑے ہوئے ایام کی قضاء کریں، اور اس حالت میں آپ کے لیے جبکہ آپ قضاء کرنے کی پر قادر ہوں تو کھانا کھلانا جائز نہیں ہے.

واللہ اعلم.